یہاں سے کاٹیے

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

اس مقام سے کاٹ کر سوالیہ پرچہ کھولیے

Tear here

Question Paper Serial No. **900**

# D

1 ☐ **CCE PR/NSR & NSPR(D)/900/7806**

**CCE PR**
**UNREVISED**
**REDUCED SYLLABUS**
**NSR & NSPR**

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 12 ]
Total No. of Printed Pages : 12 ]
ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 59 ]
Total No. of Questions : 59 ]
**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 12-U**
**Code No. : 12-U**

# ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು
# Subject : FIRST LANGUAGE - URDU

**(ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಎನ್.ಎಸ್.ಆರ್. & ಎನ್.ಎಸ್.ಪಿ.ಆರ್.)**
**(Private Repeater / NSR & NSPR)**

ದಿನಾಂಕ : 31. 03. 2023] [ Date : 31. 03. 2023
ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 10-30 ರಿಂದ 01-45 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-30 A.M. to 01-45 P.M.
ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 125 ] [ Max. Marks : 125

**عام ہدایات :**

1. سوالی پرچہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 59 سوالات ہیں۔
2. اس سوالی پرچہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

Turn over ]

**I.** درجِ ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیے گئے ہیں۔ صحیح جواب منتخب کر کے لکھئے : **10 x 1 = 10**

1. الفاظ کا مجموعہ جس سے پوری بات سمجھ میں آ جائے کہلاتا ہے۔

(A) جملہ (B) مجموعہ کلام

(C) مجموعہ الفاظ (D) محاورہ

2. وہ جملہ جو کسی واقعہ، کیفیت یا کسی صورتِ حال کی خبر دے۔

(A) جملۂ اسمیہ (B) جملۂ فعلیہ

(C) جملۂ خبریہ (D) جملۂ انشائیہ

3. پتہ پتہ، بوٹا بوٹا، حال ہمارا جانے ہے

جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے، باغ تو سارا جانے ہے

مندرجۂ بالا شعر میں کس صنعت کا استعمال ہوا ہے ؟

(A) صنعتِ تلمیح (B) صنعتِ تضّاد

(C) صنعتِ تشبیہ (D) صنعتِ تکرار

4. مرکب جملہ کی قسمیں ہیں۔

(A) دو (B) تین

(C) چار (D) پانچ

5. شاعری کی وہ صنف جس میں صرف چار مصرعے ہوتے ہیں۔

(A) غزل (B) مرثیہ

(C) رُباعی (D) آزاد نظم

6. جس نظم میں مرحوم شخص کی تعریف بیان کی جاتی ہے۔

(A) منقبت (B) مرثیہ

(C) مثنوی (D) قصیدہ

7. صورت کے لحاظ سے جملہ کی قسمیں۔

(A) دو (B) تین

(C) چار (D) پانچ

8. ''رات گذاری'' یہ جملہ مفرد جملہ کہلاتا ہے، کیونکہ۔

(A) اس میں صرف دو الفاظ ہیں۔

(B) رات واحد ہے۔

(C) مختصر بات کہی گئی ہے۔

(D) اس میں صرف ایک مسند اور ایک مسندالیہ ہے۔

9. ارکان کی تکرار سے پیدا ہونے والے مخصوص وزن کو کہتے ہیں۔

(A) رکن (B) اوزان

(C) بحر (D) عروض

10. وہ منظوم کلام جس کا ہر شعر معنی کے اعتبار سے مکمل ہوتا ہے۔

(A) غزل (B) حمد

(C) نعت (D) قصیدہ

**II.** پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے : **5 x 1 = 5**

11. سدا : ہمیشہ :: صدا : .........

12. خاص : عام :: سزا : .........

13. گل : مذکر :: بہار : .........

14. ہدایت کرنے والا : ہادی :: مہارت رکھنے والا : .........

15. غزل کا پہلا شعر : مطلع :: غزل کا آخری شعر : .........

**1**

**III.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : **8 x 1 = 8**

16. پنڈت جواہرلال نہرو کو کس زبان سے دلی لگاؤ تھا ؟

17. ودیاچرن جی کے مطابق تاریخ ہمیں کیا سکھاتی ہے ؟

18. لال قلعے کے مشاعرے میں سنائی گئی جوشؔ کی نظم کا عنوان کیا تھا ؟

19. امیرخسرو جب پیدا ہوئے تو اُن کے والد کہاں لے گئے ؟

20. دمِ وداع شاعرہ کس سے بخشش کی طلب گار ہے ؟

21. اخلاق کے موتی کس نے برسائے ؟

22. شاہِ دین کو روکنے کے لئے سکینہؓ نے کیا کِیا ؟

23. حضرت فاطمہؓ کا نورِعین کس کو کہا گیا ہے ؟

**IV.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : **15 x 2 = 30**

24. حضور ﷺ نے حجۃُ الوداع کس ہجری میں کِیا، اور مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی ؟

25. امراء اور حکام کی فرماں برداری کے بارے میں آپؐ نے کیا ارشاد فرمایا ؟

26. نہرو نے اندرا کی فرمائش کا کیا جواب دیا ؟

27. ودیا چرن جی نے تقریر میں کس کی بات کرنے اور کس کی بات چھوڑنے کا حکم دیا ؟

28. فراقؔ کی زبانی جیل یاترا کے دوران شاعری کا حال سُن کر نہرو نے کیا جواب دیا ؟

29. شاعر نے ''نعت'' میں حضور ﷺ کی آمد سے پہلے دُنیا میں موجود کن برائیوں کا ذکر کیا ہے ؟

30. نظم ''جگنو'' میں شاعر بچپن کے بہلاوے کی باتوں کو حسین جھوٹ کیوں کہتا ہے ؟

31. حضرت زینبؓ کے اضطراب پر امام حُسینؓ کا کیا ردِّ عمل تھا ؟

32. سرحدیں انسانی آزادی اور ترقی میں کس طرح رکاوٹ بنتی ہیں ؟

33. شادؔ عظیم آبادی نے رباعی میں کونسی حقیقت بیان کی ہے ؟

34. غلام اور خدام کے حسن سلوک کے بارے میں آپؐ نے کیا ارشاد فرمایا ؟

35. پرنسپل بھرت نارائن کی ساری زندگی کس کام میں گذری ؟

36. حضرت امام حسینؓ اُمت کے واسطے کیا کچھ کر گزرنا چاہتے تھے ؟

**1**

37. ملک کی سرحدوں میں بٹے آدمی کی بے بسی کو شاعر نے کس طرح بیان کیا ہے ؟

38. درج ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے :

(i) دوا (ii) وصیت

V. درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : 14 x 3 = 42

39. ودیا چرن کے اہنسا کی بات کرنے پر مولانا رجب نے کیا کہا ؟

40. امیر خسرو کی شعری صلاحیتوں کا کس طرح امتحان لیا گیا ؟

41. ہم پر حضورؐ کی کیا کیا عطا ہے ؟

متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے :

42. ''جو یہاں موجود ہے وہ اس پیغام کو اس تک پہنچا دے جو یہاں نہیں۔''

43. ''بھائیو ! ہم ماضی کے کھنڈروں میں تاریخ کے آثار دیکھ رہے ہیں۔''

44. ''میری خواہش ہے کہ اُردو ترقی کرے پھلے پھولے۔''

درجِ ذیل نثر نگار کا تعارف لکھئے :

45. زہرہ جمال

درجِ ذیل شاعر کا تعارف لکھیئے :

46. فراقؔ گورکھپوری

درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

47. کیا کِیا خضرؑ نے سکندر سے

اب کسے رہنما کرے کوئی

48. ترے عشق کی انتہا چاہتا ہوں

مری سادگی دیکھ کیا چاہتا ہوں

49. منزل نہیں کوئی نہ سہی رہ گذر تو ہے

پہلے بھی اپنے قدموں کو بہلا چکے ہیں ہم

50. جمع اور واحد کے لحاظ سے غیر موزوں لفظ کو الگ کر کے لکھیئے :

(i) واقعات، برسات، حالات

(ii) محافل، محافظ، مما لک

(iii) الفاظ، اعمال، احسان

1

51. مرکب جملہ کی تعریف مع مثال لکھئے۔

52. صنعتِ تشبیہہ کی تعریف مع مثال لکھئے۔

یا

صنعتِ تضّاد/ طباق کی تعریف مع مثال لکھئے۔

**VI.** درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : **5 x 4 = 20**

53. اپنی نصابی کتاب میں شامل ''حمد'' کے کوئی چار اشعار لکھئے۔

یا

اپنی نصابی کتاب میں شامل ''مرثیہ'' کے آخری دو بند میں سے چار اشعار لکھئے۔

54. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے :

(i) جُگنو (ii) سرحدوں کا جال

55. جواہر لال نہرو کی اُردو دوستی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟ لکھئے۔

56. امیر خسرو کو دو عظیم تہذیبوں کے درمیان ایک پُل کیوں کہا گیا ؟

یا

حضورؐ نے حجۃ الوداع کی تیاریاں کس طرح کیں ؟

57. درجِ ذیل عبارت کو غور سے پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے :

ملک یونان میں کسی قافلے کو ڈاکوؤں نے لوٹ لیا اور اس میں شامل سوداگروں کا بہت سا سامان اور مال چھین لیا۔ اُنہوں نے ڈاکوؤں کی منت سماجت کی۔ خوب روئے اور چلّائے لیکن اُن سنگ دِل قزاقوں پر ذرا اثر نہیں ہوا جب سیاہ دل والا چور کامیاب ہوگا تو وہ قافلے کی گریہ وزاری کا غم نہ کرے گا۔

حکیم لقمان بھی اس قافلے میں سفر کر رہے تھے ایک شخص نے ان سے کہا کہ آپ ڈاکوؤں کو نصیحت کریں شاید وہ کچھ مال چھوڑنے پر راضی ہو جائیں۔ کیونکہ اگر یہ سارا مال چلا گیا تو ہمیں بے حد دکھ ہوگا۔ حکیم لقمان نے کہا ''ڈاکوؤں کو نصیحت کرنا بے سود ہے۔ زنگ کھائے ہوئے لوہے کا زنگ صیقل سے بھی دور نہیں ہوگا۔ سیاہ دل والے کو نصیحت بے کار ہے کیونکہ لوہے کی کیل پتھر میں گاڑنا ممکن نہیں۔''

خوشحالی کے دور میں غرباء اور مسکین لوگوں کی خبر گیری کرنی چاہیئے کیونکہ ٹوٹے ہوئے دلوں کو جوڑنے سے بلائیں ٹل جاتی ہیں۔ جب کوئی ضرورت مند تیرے پاس آئے تو فوراً اس کی مدد کر، نہیں تو ظالم زبردستی چھین لے گا۔

سوالات :

(i) مُلک یونان میں ڈاکوؤں نے قافلہ کے ساتھ کیا کِیا؟

(ii) لقمان حکیم نے ڈاکوؤں کو نصیحت کرنے کی درخواست کا کیا جواب دیا ؟

**VII.** خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خُطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے : **1 x 5 = 5**

58. اپنے علاقے کی میونسی پالٹی/ گرام پنچایت کو ایک خط لکھئے جس میں اپنے محلّہ میں پانی کی قلّت کو دور کرنے کی درخواست کی گئی ہو۔

یا

اپنے والد/ والدہ کے نام ایک خط لکھو جس میں اپنے اسکول میں منائے جا رہے ''امرت مہوتسو'' کے جلسہ میں شرکت کرنے کی دعوت دی گئی ہو۔

**1**

**VIII.** کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے : **1 x 5 = 5**

59. (i) ہندوستان کی ترقی میں ''قومی یکجہتی'' کا رول

یا

(ii) بڑھتی ہوئی مہنگائی اور اُس کا تدارک